Karachi Metropolitan Corporation
e.mail: kmc.information.dptt@gmail.com
Phone:99216333 Fax:99215040

# بلدیہ عظمیٰ کراچی

پریس ریلیز

Ref No.KMC/INF/090/2022
Date: 21-03-2022

کراچی( ) ایڈمنسٹریٹر کراچی، مشیر قانون اور ترجمان حکومت سندھ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی خصوصی ہدایت پر یوم پاکستان کی تقریبات کوشایان شان طریقے سے منانے کیلئے محکمہ کھیل وثقافت، بلدیہ عظمیٰ کراچی کے زیراہتمام کے ایم سی اسپورٹس گالا کا آغاز ہوگیا ہے، جس کے تحت مختلف انڈوراور آؤٹ ڈور گیمز منعقد کیے جارہے ہیں جن میں فٹبال، تیراندازی، سیپک ٹاکرا، رسیشی ، ماس ریسلنگ ،تن سازی ،سوئمنگ ،کھوکھواور رولراسکیٹنگ کے دلچسپ کھیل شامل ہیں۔اس سلسلے میں سیپک ٹاکرااور رسہ کشی کے مقابلے منعقدہوئے جس میں بوائزسیپک ٹاکرا کے مقابلوں میں کراچی گرین نے کراچی بلیوز کواور گرلزسیپک ٹاکرا میں کراچی براؤن نے کراچی ریڈ کوشکست دیدی۔رسہ کشی کے مقابلوں میں چار ٹیموں نے حصہ لیا۔ڈسٹرکٹ ایسٹ کی ٹیم نے ڈسٹرکٹ سینٹرل کی ٹیم کو0-2 سے ہراکر پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ڈسٹرکٹ ساؤتھ کی ٹیم نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔آخر میں مہمان خصوصی ونگ کمانڈر 91 عبداللہ شاہ غازی رینجرز کرنل سید اسد کاظمی نے کامیاب کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیئے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ کے ایم سی اسپورٹس کمپلیکس میں منعقدہ اسپورٹس گالا میں کھلاڑیوں کی مہارت اور ٹیم ورک دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی اور دیگر کھیلوں کی طرح کچھ نئے کھیلوں میں بھی کھلاڑیوں کی پرفارمنس قابل ستائش ہے۔کھیلوں کے انعقاد سے معاشرے سے سماجی برائیوں کا خاتمہ ہوتا ہے اور نظم وضبط کے سنہری اصولوں پر عمل کرکے کامیابی حاصل ہوتی ہے، کے ایم سی اسپورٹس گالا کا انعقاد بہترین کاوش ہے۔اس موقع پر ڈائریکٹراسپورٹس کے ایم سی سلمان شمسی ،ایڈیشنل ڈائریکٹر کیف الوری ،فیصل ظفر سیکریٹری سندھ ٹگ آف وار جاوید اقبال، ڈاکٹر محمد عارف حفیظ صدر سندھ کھوکھوایسوسی ایشن ،سیکریٹری سندھ سیپک ٹاکرا نوشاد احمد کے علاوہ کھلاڑیوں اور شائقین کھیل کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

---